بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وظائف کی قضا کا مسئلہ

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

صبح وشام کے اذکار اگر مقررہ وقت پر نہ پڑھے جا سکے، تو وقت گزرنے کے بعد ان کا پڑھنا کیسا ہے؟

## جواب

صبح وشام کے اذکار جو اسی وقت کے ساتھ خاص ہوں، تو وقت نکل جانے کے بعد ان کی قضا نہیں ہے، البتہ! دوسرے وقت پڑھ لیے جائیں کہ ذکر کا ثواب ملے اور عادت برقرار رہے۔

امامِ اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ ارشاد فرماتے ہیں: "وظائف اگر وقتِ خاص سے مختص ہیں اور وہ وقت نکل گیا، توان کی قضا نہیں، ورنہ دوسرے وقت پڑھ لئے جائیں کہ ثواب ملے اور عادت نہ چھوٹے۔" (فتاوی رضویہ، جلد23، ص399، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5281

تاریخ اجراء: 23 صفر المظفر 1448ھ/07 اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net